No. of Printed Pages : 2

OULE-002

00601

DIPLOMA IN URDU LANGUAGE (DUL)

Term-End Examination

December, 2013

OULE-002 : CONTEMPORARY URDU FICTION

Time : 2 hours *Maximum Marks : 50*

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

---

1. اردو افسانہ نگاری میں پریم چند کا درجہ متعین کیجئے 10

یا

منٹو کے افسانے ''نیا قانون'' پر تبصرہ کیجئے۔

2. عصر حاضر کے فکشن نگاروں میں آپ کو کون پسند ہے اور کیوں؟ 10

یا

عصمت چغتائی کے افسانے ''چوتھی کا جوڑا'' پر تبصرہ کیجئے۔

3. محمد حسن کے ڈارمہ ''تماشا اور تماشائی'' کا خلاصہ کیجئے۔ 10

یا

قاضی عبدالغفار کے ناول ''شب گزیدہ'' کا مرکزی خیال بتائیے۔

4. عصر حاضر کے موضوعات سے بحث کیجیے۔ 10

یا

قرۃ العین حیدر کے فن سے بحث کیجئے۔

5. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 10

آخرکار مارچ کے اکتیس دن ختم ہو گئے۔ اور اپریل شروع ہونے میں رات کے چند خاموش گھنٹے باقی رہ گئے۔ موسم خلاف معمول سرد تھا اور ہوا میں تازگی تھی۔ پہلی اپریل کو صبح سویرے استاد منگو اٹھا اور اصطبل میں جا کر تانگے میں گھوڑے کو جوتا اور باہر نکل گیا۔ اس کی طبعیت آج غیر معمولی طور پر مسرور تھی۔ وہ نئے قانون کو دیکھنے والا تھا۔

اس نے صبح کے سرد دھندلکے میں کئی تنگ اور کھلے بازاروں کا چکر لگایا۔ مگر ہر چیز پرانی نظر آئی۔ آسمان کی طرح پرانی۔ اس کی نگاہیں آج خاص طور پر نیا رنگ دیکھنا چاہتی تھیں۔ مگر سوائے اس کلغی کے جو رنگ برنگ کے پروں سے بنی تھی اور اسکے گھوڑے کے سر پر جمی ہوئی تھی اور سب چیزیں پرانی نظر آتی تھیں۔ یہ نئی کلغی اس نئے قانون کی خوشی میں 31۔ مارچ کو چودھری خدا بخش سے ساڑھے چودہ آنے میں خریدی تھی۔

(a) اوپر دیا گیا اقتباس کس افسانہ سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(b) استاد منگو کون تھا اور وہ کیوں خوش نظر آ رہا تھا؟

(c) نئے قانون سے کیا مراد ہے ؟

(d) استاد منگو کے نیا رنگ دیکھنے سے کیا مراد ہے ؟

(e) استاد منگو غیر معمولی طور پر کیوں خوش تھا؟